لاہوریؒ اور شیخ العلما حضرت مولانا بشیر احمد پسروریؒ جیسے بزرگوں سے خوشہ چینی کی ہے۔ وہ ایک عرصہ تک پاک فوج کے ہیڈ کوارٹر (جی ایچ کیو) میں شعبہ دینی تعلیمات کے انچارج رہے ہیں اور مختلف موضوعات پر تحریر وتصنیف کا سلسلہ بھی انہوں نے جاری رکھا ہے۔ اس وقت ان کی مندرجہ ذیل تصانیف ہمارے سامنے ہیں:

☆ **معاصرین اقبالؒ**: اس میں شاعر مشرق علامہ محمد اقبالؒ کے معاصر علما کے طور پر اس دور کے پونے تین سو کے لگ بھگ علماء کرام کے مختصر سوانحی حالات کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ صفحات ۱۲۰۴۔ قیمت درج نہیں۔

☆ **تعارف قرآن**: یہ قرآن کریم سے متعلق ضروری معلومات اور اہم تراجم وتفاسیر کے تعارف پر مشتمل ہے۔ صفحات ۳۸۲

☆ **فیوض القرآن**: اس میں حویلیاں ہزارہ کے معروف صاحب دل بزرگ حضرت مولانا قاضی عبدالحی چن پیر الہاشمیؒ کے سورہ بقرہ کے ابتدائی حصوں کے دروس کو قاری فیوض الرحمٰن صاحب نے مرتب کیا ہے۔ صفحات ۲۲۲

☆ **دینی مقالات**: یہ مختلف دینی عنوانات پر قاری صاحب محترم کے معلوماتی مضامین کا مجموعہ ہے جس میں اسلام کے سیاسی، معاشی، معاشرتی، اعتقادی، اخلاقی اور عباداتی نظام بطور خاص قابل ذکر ہیں۔ صفحات ۳۵۰

☆ **علماء ہزارہ**: ڈاکٹر قاری فیوض الرحمٰن صاحب کا تعلق ہزارہ سے ہے۔ اس مناسبت سے انہوں نے علماء ہزارہ کے تعارف پر بطور خاص قلم اٹھایا ہے اور اس کتاب میں دارالعلوم دیوبند سے ۱۲۹۶ھ سے ۱۳۷۹ھ تک فارغ التحصیل ہونے والے پونے تین سو ہزاروی علماء کرام کی ترتیب وار فہرست اور ان کے سوانحی خاکے تحریر کیے ہیں۔ صفحات ۳۱۶

☆ **مشاہیر علما**: سوانح نگاری محترم قاری صاحب کا خصوصی ذوق ہے اور انہوں نے کم وبیش تیرہ سو علما کرام کے سوانحی خاکے اس کتاب میں تحریر کیے ہیں جن میں پاکستان اور بھارت دونوں ملکوں کے علما کی ایک بڑی تعداد شامل ہے۔ جلد اول ۶۶۴، جلد دوم ۱۹۹۸ اور جلد سوم ۲۴۲ صفحات پر مشتمل ہے۔

☆ **کتاب الجہاد**: قاری صاحب محترم نے چوتھی صدی ہجری کے معروف محدث امام ابوعبداللہ العکبریؒ کی ''کتاب الجہاد'' کا اردو میں ترجمہ کیا ہے اور ترجمہ کے ساتھ اصل متن بھی شائع کیا گیا ہے۔ صفحات ۵۴

''تیسیر المنطق''

علم منطق پر حضرت مولانا عبداللہ گنگوہیؒ کے معروف رسالہ ''تیسیر المنطق'' کو مولانا محمد سیف الرحمٰن قاسم نے تسہیل اور عام فہم مثالوں کے ساتھ مرتب کر کے شائع کیا ہے جو اس فن کی آسان تدریس کے لیے مفید ہے۔

صفحات ۸۸۔ ملنے کا پتہ: جامعۃ الطیبات، گلی نمبر ۴، محلّہ کنور گڑھ، کالج روڈ، گوجرانوالہ